© rasailojaraid.com



گوشہ ءفقہاء

# امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ اور فقہاء مصر کا حال

حضرت مولانا سید محمد قطب الدین حسینی صابریؒ (انڈیا)

(قسط چہارم)

نوٹ: نئے پڑھنے والے سابقہ قسطوں کے بعد یہ قسط پڑھیں......

ایک واقعہ یہ پیش آیا کہ یوں تو ایک دوسرے سے حتی الوسع کنارے کنارے رہتے تھے ایک دن کسی جنازہ میں دونوں اکٹھے ہوگئے، غالباً تدفین میں کچھ دیر تھی۔ المزنی جن کی تقریری قوت اور استدلالی مہارت کا مصر میں زور تھا، قاضی بکار کو براہ راست ان کی زبان سے ان کی تقریروں کے سننے کا موقع نہ ملا تھا، خیال آیا کہ آج ذرا سنوں تو سہی، کہ واقعی اس شخص کا کیا حال ہے، خود کو تو حجاباً براہ راست سوال کی ہمت نہ ہوئی، پاس میں جو آدمی التل نامی کھڑے تھے، ان سے قاضی صاحب نے دریافت کرنے کے لئے کہا کہ حدیثوں سے ''نبیذ،، کی حرمت اور حلت دونوں ثابت ہے پھر آپ لوگ (شوافع) حرمت ہی کو کیوں ترجیح دیتے ہیں۔۔

## حرمت نبیذ کا مسئلہ

''نبیذ،، کا بدنام مسئلہ ایسا تھا کہ حنفیوں کے خلاف عوام کے جذبات کو بہ آسانی ابھارا جاسکتا تھا، لیکن بجائے کسی سخت و درشت الفاظ کے المزنی نے نہایت آسانی کے ساتھ دو لفظوں میں اس کا ایسا جواب دیدیا کہ گفتگو وہیں ختم ہوگئی، قاضی بکار بھی چپ ہوگئے، جواب یہ تھا کہ اس کا تو کوئی قائل نہیں کہ اسلام سے پہلے عرب میں ''نبیذ،، حرام تھی، اور اسلام میں حلال ہوئی، بلکہ سب ہی یہ مانتے ہیں کہ اسلام سے پہلے عہد جاہلیت میں وہ حلال تھی، اور یہ بھی مسلم ہے کہ اسلام نے نبیذ کے متعلق جاہلیت کے حکم میں کچھ ترمیم ضرور کی اور وہ حرمت کے سوا اور کیا ہوسکتی ہے، اسی لئے حرمت کی حدیثوں کو ہم ترجیح دیتے ہیں۔

قاضی ابن خلکان جو شافعی المذہب اور شافعیت میں تعصب بھی رکھتے ہیں انہوں نے المزنی کے اس جواب کو ''حرمت،، ''نبیذ،، کے متعلق **من الادلة القاطعة** قرار دیا ہے۔ حالانکہ اگر نبیذ کے حرام ہونے کی قطعی دلیل یہی ہے تو اس کی قطعیت کا دعوی کرنا شاید نبیذ کے جواز کی دلیل بن جائے۔ آخر اتنی کمزور دلیل کو قطعی

☆ تا تریاق از عراق بیاورند...... مار گزیدہ مردہ باشد ☆

© rasailojaraid.com

